**12-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 تیسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت 7 مئی کو 94 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

2 وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی آج راجستھان کے باڑمیر اور دوسا ضلعوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

3 کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی اور تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن کوئمبتور میں آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی ریلی کی قیادت کریں گے۔

4 امریکہ نے چین کے ساتھ علاقائی تنازعات کے دوران جاپان اور فلپائن کے ساتھ اب تک کی پہلی سہ طرفہ چوٹی میٹنگ کی میزبانی کی ہے۔

5 کُشتی میں کرغستان میں ایشین چمپئن شپ کے پہلے دن بھارت نے چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات ممبئی انڈینس نے رائلس چیلنجرس بنگلورو کو سات وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**3rd Phase Notification**

تیسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں کی 94 لوک سبھا سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اس مرحلے میں گجرات کی سبھی 26 سیٹوں، کرناٹک کی 14، مہاراشٹر کی 11، اترپردیش کی 10، مدھیہ پردیش کی 8، چھتیس گڑھ کی 7، بہار کی 5، آسام اور مغربی بنگال کی 4-4 اور گوا اور دادر و نگر حویلی اور دمن و دیو کی 2-2 سیٹوں، نیز جموں و کشمیر کی ایک سیٹ کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مدھیہ پردیش کے ملتوی کئے گئے Betul پارلیمانی حلقے کیلئے بھی نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ Betul پارلیمانی حلقے کیلئے دوسرے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جانے تھے۔

تاہم بہوجن سماج پارٹی کے امیدوار کی موت واقع ہوجانے کی وجہ سے اِسے ملتوی کردیا گیا تھا۔ اب تیسرے مرحلے

کے تحت اِس سیٹ پر چناؤ ہوں گے۔

اس مرحلے کیلئے 19 اپریل تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں، جبکہ 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

**PM -RAJASTHAN CAMPAIGN**

پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کافی نزدک آگئے ہیں۔ ایسے میں اہم سیاسی پارٹیاں زور شور سے چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔

راجستھان میں BJP اور کانگریس نے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے اپنی پوری طاقت جھونک دی ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی آج بی جے پی امیدوار کیلاش چودھری کی حمایت میں باڑمیر کے آدرش اسٹیڈیم میں ایک عوامی جلسے وجے شنکھ ناد سے خطاب کریں گے۔ شام میں جناب مودی دوسا میں ایک روڈ شو کی قیادت کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بی جے پی کی دیگر سرکردہ شخصیات آج متعدد لوک سبھا حلقوں میں پارٹی امیدواروں کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیں گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

***V/C- Jitendra Dwivedi***

*پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں اب چند روز ہی باقی رہ گئے ہیں۔ ایسے میں کانگریس اور بی جے پی چناؤ مہم میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہی ہیں۔ آج بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیراعلیٰ بھجن لال شرما سورت گڑھ اور ہنومان گڑھ میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ اِسی طرح وِنے Sahashtrabuddhe جے پور میں، وجے راہت کر سروہی میں اور ریاستی صدر سی پی جوشی Badi Sadri میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔*

*دوسری طرف کانگریس کی جانب سے ریاستی صدر گووند دوتاسرا آج الور اور دوسا میں پارٹی امیدواروں کیلئے عوامی جلسے کریں گے۔ سابق وزیراعلیٰ اشوک گہلوت اور سابق نائب وزیراعلیٰ سچن پائلٹ متعدد مقامات پر کانگریس امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔*

*آر ایل پی کے سربراہ انومان بینوال بھی اپنے حلقے ناگور میں عوامی میٹنگیں کریں گے۔*

*جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں عبدالمالک*

**RAJNATH SINGH-UTTARAKHAND**

اتراکھنڈ میں، انتخابی مہم میں شامل سرکردہ رہنماؤں نے اپنی پارٹی کے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ آج بی جے پی لیڈر اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ، اتراکھنڈ کی گڑھوال اور کُماوں ڈویژنوں میں سلسلے وار ریلیاں کریں گے۔ جناب سنگھ چمپاوت، چمولی اور کاشی پور میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے جس کے دوران وہ خطے میں فوج کے اثر والے رائے دہندگان کی توجہ مبذول کرنے پر خاص دھیان دیں گے۔ آج، ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی بھی ہری دوار پہنچ رہے ہیں، جہاں بی جے پی امیدوار کی حمایت میں کئی مقامات پر عوامی اجتماعات میں شرکت کریں گے۔

**INDIA BLOCK CAMPAIGN**

کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی آج آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے امیدوارن کیلئے لوگوں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے کوئمبٹور کا دورہ کررہے ہیں۔ وہ ڈی ایم کے کے لیڈر ایم کے اسٹالن کے ہمراہ ہوں گے۔

**Campaiging**

اب جبکہ لوک سبھا انتخابات کا پہلا مرحلہ نزدیک آرہا ہے، سیاسی پارٹیوں کے چوٹی کے لیڈر مختلف ریاستوں میں ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔ اس مرحلے میں 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 102 سیٹوں کے لئے اس ماہ کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 2024 کے لوک سبھا انتخابات ''وکِست بھارت'' مہم کو ایک نئی توانائی فراہم کریں گی۔ انہوں نے کل راجستھان میں Karauli کے مقام پر ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

دوسری جانب کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ بے روزگاری اور مہنگائی، ملک کے دو بڑے مسئلے ہیں، لیکن دوسرے مسائل پر زیادہ توجہ دی جارہی ہے۔

وہ کل راجستھان میں انوپ گڑھ کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کررہے تھے۔

**MP- Electioneering**

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے اعلان کے بعد انتخابی کمیشن کی ٹیموں نے ایک مہینے سے بھی کم عرصے میں 100 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا سامان اور نقدی ضبط کیا ہے۔ مدھیہ پردیش میں چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V/C Sanjeev Sharma***

*چیف الیکٹورل آفیسر انوپم راجن نے مطلع کیا ہے کہ مثالی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ کے بعد سے اب تک 103 کروڑ 33 لاکھ روپے مالیت کے مختلف سازوسامان ضبط کئے جاچکے ہیں۔ ان میں 13 کروڑ 77 لاکھ کی نقدی، تقریباً 24 کروڑ 64 لاکھ روپے مالیت کی شراب اور تقریباً 19 کروڑ روپے کی منشیات شامل ہیں۔ اس میں 36 کروڑ روپے مالیت کے دیگر سامان بھی شامل ہیں۔ اسی دوران C-Vigil ایپ پر اب تک مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق 2 ہزار 852 شکایات موصول ہوئی ہیں۔*

*اسی دوران بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا آج Sidhi اور چھندواڑہ میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے، جبکہ مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا اشوک نگر میں اور وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو بالاگھاٹ، چھندواڑہ اور منڈلا میں تشہیری مہم میں شرکت کریں گے۔ اسی طرح کانگریس کے ریاستی صدر جیتو پٹواری، رکن پارلیمنٹ ویویک تنکھا اور سابق مرکزی وزیر ارون یادو، Vidisha اور رائے سین میں مشترکہ طور پر چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمد اعظم*

**Bihar Const- Profile Purnia**

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم بہار کے پورنیہ پارلیمانی حلقے سے متعلق ایک رپورٹ پیش کررہے ہیں۔ اس لوک سبھا سیٹ کیلئے 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جغرافیائی طور پر یہ پارلیمانی حلقہ سیماچل خطے میں واقع ہے۔ اس کی سرحدیں کشن گنج، کٹیہار

اور اررِیہ ضلعوں کے علاوہ مغربی بنگال سے ملتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی سرحدیں نیپال سے بھی ملتی ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے ہمارے نامہ نگار سے

***V/C-Dharminder Rai***

*پورنیہ پارلیمانی حلقے میں 22 لاکھ سے زیادہ ووٹرس جنتا دل یونائیٹڈ اور راشٹریہ جنتا دل سمیت 7 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ NDA میں JDU اس سیٹ کی نمائندگی کررہی ہے، اس نے اپنے موجودہ رکن پارلیمنٹ سنتوس کشواہا کو یہاں سے امیدوار بنایا ہے۔ عظیم اتحاد کی طرف سے راشٹریہ جنتا دل نے سابق ریاستی کابینہ وزیر بیما بھارتی کو یہاں سے میدان میں اتارا ہے۔عظیم اتحاد کے باغی امیدوار راجیش رنجن عرف پپو یادو بھی یہاں سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ اس طرح سے یہاں سہ رخی مقابلے کا امکان ہے۔ پورنیہ سے تین بار رکن پارلیمنٹ رہ چکے پپویادو نے حال ہی میں اپنی پارٹی کو کانگریس میں ضم کردیا تھا لیکن وہ یہاں سے ٹکٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے، اب وہ آزاد امیدوار کے طور پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ بے روزگاری، بنیادی ڈھانچے کی کمی اور غریبی اس پارلیمانی حلقے کے مسائل ہیں۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمد اعظم*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**US-JAPAN PHILLIPINES**

امریکی صدر جوبائیڈن نے واشنگٹن میں وہائٹ ہاؤس میں جاپان اور فلی پینس کے لیڈروں کے ساتھ، اولین سہ ملکی چوٹی کانفرنس کی میزبانی کی۔ چین کے ساتھ اِن دو جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے علاقائی تنازعات کے دوران اس چوٹی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

میٹنگ کے بعد جاری ایک مشترکہ وژن بیان میں کہا گیا ہے کہ تینوں ملک واشنگٹن میں، مساوی ساجھیداروں اور بھروسہ مند دوستوں کی حیثیت سے جمع ہوئے اور وہ ایک آزاد اور کھلے بھارت۔-بحرالکاہل خطے اور بین الاقوامی قانون پر مبنی بین الاقوامی نظام کے وژن کے ساتھ متحد ہیں۔

مشترکہ بیان میں، لیڈروں نے جنوبی بحیرۂ چین میں چین کے خطرناک اور جارحانہ طرزِ عمل کے بارے میں شدید تشویش کا اظہار کیا۔

چوٹی کانفرنس کے بعد، امریکی صدر جوبائیڈن نے بالواسطہ طور پر چین کو خبردار کیا۔

**India Peru Agreement**

بھارت اور Peru کے درمیان تجارتی معاہدے کیلئے مذاکرات کا ساتواں دور کل نئی دلی میں اختتام پذیر ہوا۔اِس مذاکرات میں دونوں ممالک کی ترجیحات اور خدشات کو سمجھنے کے علاوہ باہمی احترام اور فائدے کو یقینی بنانا شامل تھا۔ مذاکرات میں سازوسامان کی تجارت، خدمات کی تجارت، صفائی ستھرائی اور فائیٹو سینیٹری اقدامات، تجارت میں تکنیکی رکاوٹوں کو دور کرنے، کسٹم طریقۂ کار اور تجارت میں سہولت کاری جیسے اُمور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

دونوں ملکوں کی جانب سے تقریباً 60 مندوبین نے مذاکرات میں حصہ لیا، جن میں تجارت کے محکمے، غیرملکی تجارت کے ڈائریکٹوریٹ جنرل ، ریوینیو محکمے، صنعتی اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے اور قانونی اور اقتصادی وسائل سے متعلق افراد شامل

تھے۔

مذاکرات کا اگلا دور جون 2024 میں منعقد کئے جانے امکان ہے۔

## UK-US-JAPAN TRILATERAL MILITARY EXERCISE

برطانیہ ، امریکہ اور جاپان، 2025 سے بھارت۔بحرالکاہل خطے میں باضابطہ طور پر سہ ملکی فوجی مشقوں کا انعقاد کریں گے تا کہ خطے میں سیکورٹی کو مستحکم بنایا جائے اور تینوں ملکوں کی مسلح افواج کی مل کر کارروائی کرنے سے متعلق صلاحیت کو مزید فروغ دیا جائے۔ برطانیہ کی وزارت دفاع نے کل یہ بات بتائی ہے۔ سہ ملکی فوجی مشقوں کا مقصد ، بھارت۔بحرالکاہل خطے کے تئیں برطانیہ کی عہد بستگی کو اجاگر کرتے ہوئے، تینوں ملکوں کے درمیان گزشتہ کارروائیوں میں اضافہ کرنا ہے۔x

## UK- HIGH COMMISSIONER

برطانیہ نے Lindy Cameron کو بھارت میں اپنا نیا ہائی کمشنر مقرر کیا ہے۔ وہ Alex Ellis کی جگہ لیں گی۔ کیمرون پہلی خاتون ہیں جنہیں بھارت میں برطانیہ کا ہائی کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔

## PM- HEATWAVE

وزیر اعظم نریندر مودی نے آنے والے گرمی کے موسم کے لئے تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران، انہوں نے اس سال اپریل سے جون تک کی مدت کیلئے درجۂ حرارت کے امکان کے بارے میں بات کی۔ اس میں آنے والے موسم گرما کیلئے پیشگوئی، ملک کے زیادہ تر حصوں خاص طور پر وسطی بھارت اور مغربی جزیرہ نما بھارت میں معمول سے زیادہ درجۂ حرارت کے امکانات شامل ہیں۔

اس کے علاوہ میٹنگ میں صحت کے شعبے میں تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔اس میں لازمی دوائیں، Ice Packs، او آر ایس اور پینے کے صاف پانی سے متعلق امور شامل تھے اور ٹیلی ویژن، ریڈیو اور سوشل میڈیا جیسے سبھی پلیٹ فارمس کے ذریعہ علاقائی زبانوں میں بیداری پیدا کرنے سے متعلق
مواد کی بروقت تشہیر پر بھی زور دیا۔

میٹنگ کے دوران ، وزیر اعظم نے مکمل حکمرانی سے متعلق طریقۂ کار پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں مرکزی، ریاستی اور ضلع سطحوں پر حکومت کے سبھی شعبوں اور مختلف وزارتوں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے جنگل میں لگنے والی آگ کا فوری طور پر پتہ لگانے اور اس پر جلد قابو پانے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔

## WRESTLING

کرغستان میں Bishkek کے مقام پر جاری ایشیائی کُشتی چمپئن شپ کے افتتاحی دن، کل بھارت نے کُل تین تمغے حاصل کئے۔ 19 سالہ Udit نے مردوں کے 57 کلوگرام کے زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا جبکہ مردوں کے 70 کلوگرام کے زمرے میں ابھی منیو اور 97 کلوگرام کے زمرے میں وِکّی نے کانسے کے تمغے حاصل کئے۔

مردوں کی سبھی فری اسٹائل ڈویژن میں کُل پانچ بھارتی پہلوان حصہ لے رہے ہیں۔

## Tennis Monte Carlo Masters-2024

MONACO میں جاری Monte Carlo ماسٹرس- 2024 ٹینس ٹورنامنٹ میں، کل رات بھارتی کھلاڑی سُمیت ناگل، مردوں کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں باہر ہوگئے۔

اس دوران، ناگل گزشتہ 42 سال میں ATP ماسٹرس 1000 ٹورنامنٹ کے مین ڈرا کیلئے کوالیفائی کرنے والے بھارت کے پہلے ٹینس کھلاڑی بن گئے ہیں۔

امیش کرشنن، 1982 میں MONACO ٹورنامنٹ کے مین ڈرا کیلئے کولیفائی کرنے والے آخری بھارتی کھلاڑی

تھے۔

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس نے رائلس چیلنجرس بنگلورو کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے 197 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے 15 اوورس 3 گیندوں میں 3 وکٹ پر 199 رن بنائے۔ ایشان کشن نے 34 گیندوں میں 69 رن جبکہ سوریہ کمار یادو نے 19 گیندوں میں 52 رن بنائے۔
اس جیت کے بعد ممبئی انڈینس دو میچوں میں جیت اور تین میچوں میں ہار کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں ساتویں مقام پر ہے۔
ممبئی انڈینس کی طرف سے جسپریت بمراہ نے پانچ وکٹ حاصل کئے اور انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
آج لکھنؤ کے بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی اکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سُپر جینٹس کا مقابلہ ڈیلھی کیپٹلس سے ہوگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... محمد اعظم
شکریہ - عمار

عید الفطر کی تعطیل کی وجہ سے آج اردو کا کوئی اخبار شائع نہیں ہوا۔ آج کا اخبارات کا آئینہ ہندی اخبارات پر مشتمل ہے۔
ایشیا میں سب سے تیز بڑھے گی بھارتی معیشت، ایشیا ترقیاتی بینک کا تخمینہ مسلسل پانچ سال میں چین سے زیادہ رہے گی بھارت کی افراط زر۔ ''دینک جاگرن'' کی خبر
سب سے زیادہ سائبر کرائم والے ملکوں میں بھارت، پہلی بار جاری کئے گئے سائبر کرائم انڈیکس میں دسویں مقام پر۔ ''ہندوستان'' اخبار کی خبر ہے۔
''امر اجالا'' کی سرخی ہے آئی فون میں پیگاسس جیسے حملوں کا الرٹ۔ Apple استعمال کرنے والوں کو کیا متنبہ۔بھارت سمیت 92 ملکوں میں سائبر حملے کا خطرہ۔
جنگ زدہ اسرائیل کی تعمیر نو میں پسینہ بہائیں گے بھارتی مزدور۔تعمیری شعبے کے 6 ہزار سے زیادہ مزدوروں کو ملے گا کام۔''جن ستا'' کی سرخی ہے۔
ہریانہ اسکول بس حادثے کی خبرسبھی اخباروں نے پہلے صفحے پر شائع کی ہے۔''نو بھارت ٹائمس'' کی سرخی ہے ہریانہ کے مہیندر گڑھ میں حادثہ تین افراد گرفتار۔''امر اجالا'' لکھتا ہے، بغیر فٹنیس کی اسکول بس پیڑ سے ٹکرائی ، نشے میں تھا ڈرائیور۔
راجدھانی دلی سے شدید گرمی کی وجہ سے چڑیا گھر میں جانوروں کی خاص دیکھ بھال کرنے کی خبر بھی ''جن ستا'' اخبار میں شائع کی گئی ہے۔اخبار لکھتا ہے ، چڑیا گھر میں خاص انتظام ، بھالوؤں کے لئے برف ، ہاتھیوں کو مل رہا ہے کھانے میں کھیرا، تربوز اور نارئل پانی۔
اسکولوں میں وینا، ستار کی دھن پر تھرکا بچپن، این سی ای آر ٹی نے جاری کیا تیسری کلاس کی حساب سمیت 4 کتابوں کا E-Version ۔ یہ ''دینک جاگرن'' کی خبر ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 تیسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے کے تحت 7 مئی کو 94 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

2 وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی آج راجستھان کے باڑمیر اور دوسا ضلعوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

3 کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی اور تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن کوئمبٹور میں آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی ریلی کی قیادت کریں گے۔

4 امریکہ نے چین کے ساتھ علاقائی تنازعات کے دوران جاپان اور فلپائن کے ساتھ اب تک کی پہلی سہ طرفہ چوٹی میٹنگ کی میزبانی کی ہے۔

5 کُشتی میں کرغستان میں ایشین چمپئن شپ کے پہلے دن بھارت نے چاندی کا ایک اور کانسے کے دو تمغے جیتے ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات ممبئی انڈینس نے رائلس چیلنجرس بنگلورو کو سات وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------